# شعبہ نشرواشاعت تنظیم اسلامی پاکستان

36۔ کے، ماڈل ٹاؤن لاہور، فون:03-5869501، فیکس:5834000


22-جون 2021ء

# پریس ریلیز

## عریانی اور فحاشی جنسی درندگی کی ترغیب دیتی ہیں۔

لاہور(پ ر) عریانی اور فحاشی جنسی درندگی کی ترغیب دیتی ہیں۔ یہ بات تنظیم اسلامی کے **امیر شجاع الدین شیخ** نے ایک بیان میں کہی۔ اُنھوں نے کہا کہ وزیراعظم اس حوالے سے پہلے بھی اپنی رائے کا اظہار کر چکے ہیں جس پر لبرل سیکولرز بڑے سیخ پا ہوئے تھے۔اس کے باوجود وزیراعظم نے اپنے موقف کو دہرایا ہے۔ جو یقینی طور پر قابل تحسین ہے لیکن سوال یہ ہے کہ وزیراعظم چیف ایگزیکٹیو ہوتے ہوئے اور پارلیمنٹ میں اکثریتی پارٹی کے سربراہ ہونے کے باوجود اس حوالے سے تجاویز دینے پر اکتفا کیوں کر رہے ہیں۔ وہ عریانی اور فحاشی کے خلاف قانون سازی کیوں نہیں کرتے۔ علاوہ ازیں وہ مختلف اداروں کے ذریعے ایسے سخت اقدامات اٹھا سکتے ہیں جن سے عریانی اور فحاشی کی نہ صرف حوصلہ شکنی ہو بلکہ خلاف ورزی کرنے والے طبقات اور ذرائع کے خلاف تادیبی کارروائی بھی کی جائے۔حکومت کا یہ بھی فرض ہے کہ وہ آئین کی شق 31 کو پوری طرح بروئے کار لائے اور ملک میں ایسا ماحول پیدا کیا جائے جس سے برائیوں کا سدباب ہو اور ایک صالح معاشرہ وجود میں آجائے اور پاکستان کو حقیقی معنوں میں اسلامی فلاحی ریاست بنانے کی طرف پیش رفت ہو سکے۔

جاری کردہ

(ایوب بیگ مرزا)

مرکزی ناظم نشرواشاعت، تنظیم اسلامی پاکستان

# TANZEEM-E-ISLAMI

**PRESS RELEASE: 22 June 2021**

**"Vulgarity and promiscuity incite sexual perversion and depravation in the society.**

**Lahore (PR): "Vulgarity and promiscuity incite sexual perversion and depravation in the society.**

This was said by the Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Shujauddin Shaikh**, in a statement. The Ameer noted that the PM of Pakistan had expressed his opinion regarding the matter on a previous occasion, which led to the infuriation of the secular and liberal sections of our society. Despite that the PM has reiterated his stance, which is commendable. However, the Ameer remarked, we would not be wrong to pose the question that when the PM is the chief executive of the country and the leader of the majority party in the parliament, then why does he restrict himself to offering mere advice and suggestions on the issue, instead of legislating to curb vulgarity and promiscuity in the first place. Moreover, the PM can take strict action toward that end by directing government institutions, which will not only discourage the scourge of vulgarity and promiscuity, but also result in punitive action against all those sections and sources in our society that are involved in violation of the law by proliferating immodesty of various kinds. The Ameer emphasized that it is the obligation of the incumbent government to fully implement article 31 of our constitution and create such an environment in our country that is amicable for curbing sins and evils, so that a righteous society comes into being. The Ameer concluded by asserting that only then would we be on the path towards moulding Pakistan into a genuine Islamic welfare state.

**Issued by**
**Ayub Baig Mirza**
**Markazi Nazim of Press and Publications Section**
**Tanzeem-e-Islami, Pakistan**